ROLL NUMBER						

Version No.				
4	0	4	0	1

0	0	0	0	0	0	0	0
1	1	1	1	1	1	1	●
2	2	2	2	2	2	2	2
3	3	3	3	3	3	3	3
4	4	4	4	4	4	4	4
5	5	5	5	5	5	5	5
6	6	6	6	6	6	6	6
7	7	7	7	7	7	7	7
8	8	8	8	8	8	8	8
9	9	9	9	9	9	9	9

0	●	0	●	0	0	0	0
1	1	1	1	●	1	1	1
2	2	2	2	2	2	2	2
3	3	3	3	3	3	3	3
●	4	●	4	4	●	4	4
5	5	5	5	5	5	5	5
6	6	6	6	6	6	6	6
7	7	7	7	7	7	7	7
8	8	8	8	8	8	8	8
9	9	9	9	9	9	9	9

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____ **Candidate Sign.** _____

Invigilator Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	خاکہ نگاری کے ابتدائی نمونے کس کتاب میں ملتے ہیں؟	حیات جاوید	آب حیات	آب کوثر	مردم دیدہ	○	○	○	○
2.	میر حسن کا تعلق کس شہر سے تھا؟	کلکتہ	آگرہ	لکھنو	دہلی	○	○	○	○
3.	سقراط کا باپ کیا تھا؟	لوہار	بت تراش	بڑھئی	صراف	○	○	○	○
4.	جنون بھی ایک طرح ہے:	لازمۂ حیات	لازمۂ شاعری	لازمۂ زیست	لازمۂ موسیقی	○	○	○	○
5.	میر تقی میر کے کتنے اردو دیوان تھے؟	چھے	پانچ	گیارہ	آٹھ	○	○	○	○
6.	مومن خان مومن پیشہ کے اعتبار سے کیا تھے؟	جراح	طبیب	اتالیق	تاجر	○	○	○	○
7.	نیاز فتح پوری کس مشہور رسالے کے مدیر تھے؟	سویرا	ادب لطیف	ساقی	نگار	○	○	○	○
8.	فلپ نوجوان تھا:	فرانسیسی	چینی	برطانوی	اطالوی	○	○	○	○
9.	"چند ہم عصر" کس کی مشہور تصنیف ہے؟	چراغ حسن حسرت	مولوی عبدالحق	وحیدالدین سلیم	مولانا حالی	○	○	○	○
10.	فکر تونسوی نے بلند مقام حاصل کیا:	صحافت میں	سیاست میں	طنز و مزاح میں	انشائیہ میں	○	○	○	○
11.	کس شاعر کی وجہ شہرت ان کا نعتیہ کلام ہے؟	خواجہ میر درد	اصغر گونڈوی	ابراہیم ذوق	محسن کاکوروی	○	○	○	○
12.	مشہور مثنوی "پدم راؤ قدم راؤ" نظامی دکنی نے کتنی مدت میں لکھی؟	چھے سال	تین سال	دو سال	پانچ سال	○	○	○	○
13.	"آواز دوست" کس کی تصنیف ہے؟	منظور الٰہی شیخ	مختار مسعود	انور مسعود	انور مقصود	○	○	○	○
14.	"مثنوی گلزار نسیم" میں کہاں کی تہذیب و تمدن کا نقشہ پیش کیا گیا ہے؟	دہلی	دکن	رام پور	لکھنو	○	○	○	○
15.	"اردو کا چاسر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟	امیر خسرو	مسعود سعد سلمان	ولی دکنی	میر تقی میر	○	○	○	○
16.	مولانا ظفر علی خان کی بالعموم وجہ شہرت حمد کے علاوہ اور کون سی صنف شاعری ہے؟	مثنوی	نعت	قصیدہ	مرثیہ	○	○	○	○
17.	علامہ اقبال نے اردو کے علاوہ کون سی زبان میں شاعری کی؟	پنجابی	انگریزی	فارسی	عربی	○	○	○	○
18.	مشتاق احمد یوسفی کو ان کی کس کتاب پر آدم جی ادبی انعام ملا؟	چراغ تلے	خاکم بدہن	زرگزشت	آب گم	○	○	○	○
19.	شب جو دل دو دو ہاتھ اچھلتا تھا وجد تھا یا وہ حال تھا کیا تھا؟ اس شعر میں صنعت کی نشاندہی کیجیے۔	صنعت لف و نشر	صنعت حسن تعلیل	صنعت تلمیح	صنعت حسن تکرار	○	○	○	○
20.	غزل کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے؟	مطلع	حسن مطلع	زیب مطلع	مقطع	○	○	○	○

86

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی - II

وقت:2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (10 x 3 = 30)

(i) علامہ اقبال نے کس کس زبان میں خطوط لکھے؟

(ii) فرحت اللہ بیگ نے مولوی وحید الدین سلیم کی کونسی خامیوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(iii) سقراط کا کردار زندگی کے کس پہلو کی عکاسی کرتا ہے؟

(iv) فلاسفہ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت موزوں ہیں؟

(یا)

مولانا حالیؔ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کس طرح حوصلہ افزائی کرتے تھے؟

(v) سعد اللہ گلشنؒ نے ولی دکنی کو کیا مشورہ دیا؟

(vi) غزل کی تعریف کے حوالے سے مختلف بیانات پیش کیجیے۔

(vii) درج شدہ تراکیب کی وضاحت کیجیے۔ لطف اندوز، احتساب نفس، حسبِ مراتب

(یا)

میاں محمد بخشؒ نے پنج لوگوں کی دوستی کو کس مثال سے واضح کیا ہے؟

(viii) اردو کی کوئی سی تین مثنویوں کے نام لکھیں۔

(ix) "لاتقنطوا" کا کیا مطلب ہے؟

(x) کوئی سے تین مرکبات توصیفی لکھیں۔

(یا)

ردیف سے کیا مراد ہے؟ ایک شعر سے وضاحت کریں۔

سوال نمبر ۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ بے ترتیبی میں ایک ملکوتی حسن ہے۔ ایک اچھلتے کودتے، ہنستے ناچتے اور شرارتیں کرتے ہوئے بچے میں جو کشش ہے وہ ایک متین، مہذب چپا چپا کر طوطے کی طرح رٹی رٹائی باتیں کرنے والے بچے میں کہاں؟ فطرت کا سارا حسن اس کی بے ترتیبی میں ہے۔ سیدھے خط تو صرف انسان کھینچتا ہے اور بزعم خود سمجھتا ہے کہ اس نے کوئی بڑا تیر مار لیا ہے۔ انسان کے اگائے ہوئے باغوں اور ترتیب دیئے ہوئے پارکوں کا سارا حسن قاعدے اور اصول کا رہینِ منت ہے لیکن فطرت کا حسن تو ان باتوں کا محتاج نہیں۔ جو پاگل کر دینے والی خوبصورت، جو نشیلی کیفیت ایک خودرو جنگل میں ہے، ایک صاف ستھرے، بنے ٹھنے ہوئے باغیچے میں کہاں؟ لیکن جنگل ترتیب کا محتاج نہیں۔

ب۔ اکثر وقت شب جب خلق خدا اپنے کاموں سے تھک کر سو جاتی ہے۔ تب شاعر اپنے کام میں مصروف ہوتا ہے۔ جب تمام عالم سنسان ہو جاتا ہے، تب اس کی طبیعت میں شور پیدا ہوتا ہے۔ جوں جوں رات ڈھلتی جاتی ہے، خیال زیادہ تر بلند ہوتا ہے اور مضمون بیر تا جاتا ہے۔ خصوصاً پچھلی رات اور قریب صبح کہ عالم چپ چاپ اور خاطر مطمئن۔ طبیعت صاف اور ہوا لطیف ہوتی ہے۔ دل شگفتہ ہوتا ہے۔ مضمون کی کاوش سے دل کو ایک لذت حاصل ہوتی ہے۔ مضامین عالی طبیعت سے اور الفاظ پر معانی زبان سے مترادش ہوتے ہیں۔

ورق الٹیے

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1+4=5)

الف۔
کسی کو تاکہ اپنی سر بلندی پر نہ غرّہ ہو
ازل سے کی نگوں ساری نصیب آسماں تُو نے
دلوں کو معرفت کے نور سے تو نے کیا روشن
دکھایا بے نشاں ہو کر ہمیں اپنا نشاں تُو نے
اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا
جسے پیدا کیا اس کو دیا ہے آب و ناں تُو نے

ب۔
رہیں لخلخے اس میں روشن مدام
معطّر شب و روز جس سے مشام
چھپرکھٹ مرصّع کا دالان میں
چمکتا تھا اس طرح ہر آن میں
زمیں پر تھی اس طور اس کی جھمک
ستاروں کی جیسے فلک پر چمک

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے تین غزلیہ اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔
جس انساں کو سگِ دنیا نہ پایا
فرشتہ اس کا ہم پایہ نہ پایا

ب۔
میں نے چاہا تھا اندوہ وفا سے چھوٹوں
وہ ستم گر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا

ج۔
میں اور ترے ہجر جفا کار کے صدقے
اس بات پہ جیتا ہوں کہ مرنے کا یقیں ہے

د۔
ہے مشق سخن جاری، چکی کی مشقت بھی
اک طرفہ تماشا ہے حسرتؔ کی طبیعت بھی

ہ۔
یہ فیضان نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیلؑ کو آدابِ فرزندی

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶۔ فکر تونسوی ترقی پسند ادبی تحریک کے عظیم نمائندہ تھے۔ بحث کیجیے۔ (10)

(یا)

خواجہ حسن نظامی کے اسلوب بیان کی نمایاں خصوصیات قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر۷۔ ناصر کاظمی کے کلام کی خصوصیات پر تبصرہ کیجیے۔ (10)

(یا)

اردو میں مکتوب نگاری کی روایت پر جامع تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر۸۔ غالبؔ کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالیں۔ (10)

(یا)

مہدی افادی کے اسلوب بیان پر نوٹ لکھیں۔